2025-06-26

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- بھارتی خلاء باز شبھانشو شکلا کو لے جارہا، Axiom-4 Mission، آج دوپہر بین الاقوامی خلائی اسٹیشن سے منسلک ہوجائے گا۔

2- CBSE، سال 2026 سے دسویں جماعت کے بورڈ امتحانات سال میں دو مرتبہ منعقد کرے گا۔

3- بھارتی محکمہئ موسمیات نے بتایا کہ اگلے 7 دن کے دوران شمال مغربی، وسطی، مشرقی اور شمالی مشرقی بھارت میں موسلادھار بارش جاری رہ سکتی ہے۔

4- وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے SCO رکن ممالک سے سرحد پار کی دہشت گردی پر لگام لگانے پر زور دیا ہے۔

5- بھارت کی راست غیر ملکی سرمایہ کاری اِس سال اپریل میں بڑھ کر 8 اعشاریہ آٹھ ارب ڈالرس ہوگئی ہے۔

6- اور ویتنام کے وُونگ تاؤ میں جاری اَنڈر-17 ایشیائی کُشتی چمپئن شپ میں بھارت کی خواتین ٹیم نے مجموعی خطاب جیت لیا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Axiom-4

بھارتی خلاء باز شبھانشو شکلا کو لے جارہا، Axiom-4 Mission، آج دوپہر بین الاقوامی خلائی اسٹیشن سے منسلک ہوجائے گا۔ خلائی تحقیق کے بھارتی ادارے اِسرو کے مطابق یہ Docking بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے چار بجے ہوگی۔ بین الاقوامی خلائی اسٹیشن سے جڑنے کے بعد گروپ کیپٹن شکلا ناسا کی Orbiting لیباریٹری میں جانے والے پہلے بھارتی بن جائیں گے۔ Axiom-4 نے چار خلاء بازوں کے ساتھ فلوریڈا کے کینیڈی اسپیس سینٹر سے گزشتہ روز بھارتی وقت کے مطابق دوپہر 12 بجکر ایک منٹ پر پرواز کی تھی۔ بین الاقوامی خلائی اسٹیشن تک Axiom-4 کو لے جانے والے گروپ کیپٹن شکلا، خلاء کا سفر کرنے والے دوسرے بھارتی بن گئے ہیں۔ بھارتی فضائیہ کے افسر شکلا سے پہلے 41 سال قبل سال 1984 میں راکیش شرما نے خلاء کا سفر کرکے پہلا بھارتی ہونے کا اعزاز حاصل کیا تھا۔ وہ روس کے Soyuz پر سوار تھے۔

کَل اڑان بھرنے کے کچھ ہی منٹ بعد گروپ کیپٹن شکلا نے اپنے ہم وطنوں کو پیغام بھیجا۔ انھوں نے کہا کہ ہم 41 سال بعد خلاء میں واپس آئے ہیں اور یہ ایک شاندار سفر رہا ہے۔

S/B - Subhanshu Shukla

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Ashish

وزیر اعظم نریندر مودی نے ایکزیم-4 کے کامیاب لانچ کا خیر مقدم کیا ہے اور کہا ہے کہ گروپ کیپٹن شکلا 140 کروڑ بھارتیوں کی خواہشوں، امیدوں اور تمناؤں کو لے جارہے ہیں۔ شکلا کے آبائی شہر لکھنؤ میں اُن کے والدین نے سینکڑوں طلبہ کے ساتھ اڑان کا نظارہ کیا۔ 10 اکتوبر 1985 کو لکھنؤ میں پیدا ہوئے گروپ کیپٹن شکلا نے سال2006 میں لڑاکا پائلٹ کے طور پر بھارتی فضائیہ میں شمولیت اختیار کی تھی۔ وہ مِگ، سُخوئی، ڈارنیئر اور ہاک جیسے جنگی طیارے اڑا چکے ہیں اور 2 ہزار گھنٹے سے زیادہ کا اڑان کا تجربہ رکھتے ہیں۔ مشن کے پائلٹ کے علاوہ بھارتی خلاء باز بین الاقوامی خلائی اسٹیشن میں اگلے دو ہفتے کے دوران کافی مصروف رہیں گے۔ زیادہ تر وقت کے دوران 4 رکنی عملہ 60 سائنسی تجربے کرے گا، جن میں سے 7 تجربے بھارت کے ہوں گے۔ اِسرو کے تجربے خلاء سے متعلق معلومات میں اضافہ کرنے میں مدد کریں گے اور حیاتیات اور مائیکرو گریویٹی کے اثرات کو سمجھنے میں تعاون کریں گے۔ ان میں سے ایک اہم تجربہ، فصل کے بیجوں کی 6 اقسام پر خلائی پرواز کے اثر کا پتہ لگانا بھی شامل ہے۔

دلی سے آشیش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں حسین اختر۔

PM Pragati

وزیراعظم نریندر مودی نے کَل Pragati کی 48 ویں میٹنگ کی صدارت کی اور کانکنی، ریلویز اور آبی وسائل کے کلیدی پروجیکٹوں کا جائزہ لیا۔ معاشی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے نقطہ نظر سے ان پروجیکٹوں کی بروقت تکمیل، بین ایجنسی تال میل اور معاملات کو حل کرنے کے مقصد سے اِن کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ان پروجیکٹوں کی عمل آوری میں تاخیر سے بڑھتی تخمینہ لاگت پر دوگنا بوجھ پڑتا ہے اور شہریوں کو ضروری خدمات اور بنیادی ڈھانچہ فراہم نہیں ہو پاتا۔

پرائم منسٹر - آیوشمان بھارت صحت بنیادی ڈھانچے کے مشن کے جائزے کے دوران جناب مودی نے سبھی ریاستوں سے اپیل کی کہ وہ آرزومند ضلعوں پر خصوصی توجہ کے ساتھ صحت کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی کو تیز کریں۔

انھوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ غریبوں، حاشیے پر رہنے والے لوگوں اور بنیادی خدمات سے محروم آبادی کے لیے معیاری حفظانِ صحت تک مساوی رسائی کو یقینی بنایا جانا چاہیے۔

وزیراعظم نے دفاعی شعبے میں خود کفالت کو فروغ دینے کے لیے غیر معمولی اور مثالی طریقۂ کار کا بھی جائزہ لیا۔ اُن کی وسیع تر افادیت کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعظم نے آپریشن سندور کی کامیابی کا ذکر کیا جس پر دفاعی شعبے میں ملک کی بڑھتی ہوئی خود کفالت کے ایک طاقتور ثبوت کے طور پر ملک کی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے عمل در آمد کیا گیا۔x

## Cabinet Briefing

حکومت نے اترپردیش کے آگرہ میں جنوبی ایشیا کا آلو سے متعلق بین الاقوامی سینٹر قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں مرکزی کابینہ کی طرف سے کیے گئے فیصلوں کے بارے میں میڈیا کو جانکاری دیتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ اِس سے خوراک اور تغذیے کی فراہمی کو بڑھانے میں مدد ملے گی، کسانوں کی آمدنی میں اضافہ ہوگا اور آلو اور میٹھے آلو کی پیداوار کو بہتر کرکے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ اِس کے علاوہ کاشت کاری کے بعد کا انتظام بہتر ہوگا۔ جناب ویشنو نے یہ بھی بتایا کہ حکومت نے تین ہزار 626 کروڑ روپے کی لاگت سے پونے میٹرو ریل پروجیکٹ مرحلہ 2 کی توسیع کے لیے تجویز کو منظوری دے دی ہے۔

## SB/ Ashwini Vaishnau

جناب ویشنونے کہا کہ حکومت نے جھارکھنڈ میں Jharia کوئلہ کان کی باز آباد کاری کے لیے نظر ثانی شدہ ماسٹر پلان کو بھی اپنی منظور دے دی ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ وزیراعظم کی سربراہی میں مرکزی کابینہ نے ایمرجنسی کے اعلان کے 50 سال منانے کی قرارداد منظور کی۔ وزیر موصوف نے کہا کہ خلائی مشن Axiom 4 مشن کو کامیابی کے ساتھ چھوڑے جانے سے متعلق قرارداد کو بھی منظوری دی۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی کابینہ نے اِس مشن کو چھوڑے جانے کی کامیابی کا خیرمقدم کیا ہے جو بھارت، ہنگری، پولینڈ اور امریکہ کے خلا بازوں کو لے کر گیا ہے۔x

## CBSE Two Exams

سینٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن، CBSE نے سال2026 سے 10 ویں جماعت کے بورڈ امتحانات سال میں دو مرتبہ منعقد کرانے کا اعلان کیا ہے۔ نئے فریم ورک کے مطابق ابتدائی امتحان فروری میں ہوں گے جو سبھی طلبا کے لیے لازمی ہوں گے۔ اسی دوران بعد میں ہونے والے امتحان میں شرکت اُن طلبا کے لیے اختیاری ہوگی جو اپنی کارکردگی میں اضافے کے خواہشمند ہیں۔

کامیاب ہونے والے سبھی طلبا کو اس بات کی اجازت ہوگی کہ وہ سائنس، ریاضی، سماجی سمائنس اور لسانیات میں سے کسی تین مضامین میں اپنی کارکردگی کو بہتر بنائیں۔ دو مرحلوں کے نتائج کا اعلان بالترتیب اپریل اور جون میں کیا جائے گا۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمہئ موسمیاتIMD نے کہا ہے کہ اگلے سات دن کے دوران ملک کے شمال مغرب، وسطی، مشرقی اور شمال مشرقی حصوں میں شدید سے بہت شدید بارش جاری رہنے کا امکان ہے۔

IMD کے مطابق گجرات خطے اور اوڈیشہ کے دور دراز علاقوں میں شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ ایجنسی نے ساحلی کرناٹک، مشرقی راجستھان، جھارکھنڈ، کیرالہ، ماہے، مدھیہ مہاراشٹر، مدھیہ پردیش، اوڈیشہ، پنجاب، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل اور اتراکھنڈ میں آج شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

محکمہئ موسمیات نے اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، چھتیس گڑھ، گنگا کے ترائی والے مغربی بنگال، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دلی کے ددر دراز علاقوں میں بھی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

HP Weather

ہماچل پردیش میں گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مانسون کی شدید بارش ہوئی ہے۔ اِس مدت کے دوران ریاست کے مختلف حصوں میں بادل پھٹنے اور سیلاب آنے کی اطلاعات ہیں۔ اب تک ملنے والی اطلاع کے مطابق بارش سے متعلق واقعات میں پانچ لوگوں کے مرنے کی اطلاع ہے۔

V/C Ritesh Kapoor

ہماچل پردیش میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران طوفانی بارش کی وجہ سے بادل پھٹنے، اچانک سیلاب آنے اور مٹی کے تودے کھسکنے کی اطلاعات ہیں۔ اِس سے عام زندگی بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ دھرم شالہ میں اچانک سیلاب سے لوگ متاثر ہوئے ہیں اور اِندرا پریہ دَرشنی ہائیڈرو پروجیکٹ کے نزدیک عارضی پناہ گاہوں میں رہنے والے بہت سے مزدور سیلاب کے پانی میں بہہ گئے ہیں۔ اب تک 2 لاشیں برآمد ہوئی ہیں، جبکہ 6 افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ ضلع انتظامیہ، SDRF, NDRF اور پولیس راحت اور بچاؤ کارروائیوں میں مصروف ہے۔ محکمہ موسمیات نے آج کانگڑا، منڈی، شملہ اور سولن میں شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

شملہ سے رتیش کپور کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں حبیب الرحمن۔

Rajnath SCO

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے SCO کے ممبر ملکوں سے سرحد پار کی دہشت گردی کی روک تھام کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

اُنھوں نے کہا کہ دہشت گردی کی مالی اعانت کو ہر حال میں روکا جانا چاہیے۔ جناب راج ناتھ سنگھ نے آج صبح چین میں Qingdao کے مقام پر SCO کے وزراء دفاع کی میٹنگ میں شرکت کرتے ہوئے یہ بیان دیا۔

SB/- Rajnath Singh

انھوں نے کہا کہ بھارت اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ اصلاحات پر مبنی تکثیریت تعاون کو آگے بڑھا سکتی ہے اور مذاکرات اور اشتراک کے لیے میکینزم تیار کرکے ملکوں کے درمیان تنازعات کو روکنے میں مدد کر سکتی ہے۔

جناب سنگھ کل شام چین پہنچے تھے۔ توقع ہے کہ میٹنگ کے دوران وزیر دفاع، علاقائی اور بین الاقوامی امن اور سلامتی کے علاوہ دہشت گردی کی روک تھام اور تعاون سمیت بہت سے امور پر تبادلہ خیال کریں گے۔

میٹنگ کے موقع پر وزیر موصوف چین اور روس سمیت اِس میٹنگ میں شرکت کرنے والے بہت سے ملکوں کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ بھی باہمی سطح پر تبادلہ خیال کریں گے۔x

Mock Drill Amarnath Yatra

سیکیورٹی فورسز نے تین جولائی سے شروع ہونے والی امرناتھ یاترا کی تیاریوں کے تحت گل بالتل بیس کیمپ پر جامع مشترکہ Mock Drill انجام دی۔ یہ مشق گاندر بل کے سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کی زیر نگرانی کی گئی۔ مشق کے دوران جموں و کشمیر پولس، قدرتی آفات سے نمٹنے کی مرکزی فورس NDRF، قدرتی آفات سے نمٹنے کی ریاستی فورسSDRF، CRPFکی 49 ویں بٹالین، بھارتی فوج، محکمہ صحت اور فائر اور ہنگامی خدمات کے محکموں جیسی مختلف ایجنسیوں نے قریبی تال میل کا مظاہرہ کیا۔ شری امرناتھ یاترا تین جولائی سے شروع ہوگی اور 9 اگست کو رکشا بندھن کے موقع پر اختتام پذیر ہوگی۔ x

Intl Day Against Drug Abuse

آج منشیات کے استعمال اور اسکے غیر قانونی کاروبار کے خلاف بین الاقوامی دن منایا جا رہا ہے۔ اِس موقع پر آج نئی دلی کے ڈاکٹر امبیڈکر انٹرنیشنل سینٹر میں ایک اہم تقریب منعقد ہوگی۔

V/C Payl Sharma

بین الاقوامی معاشرے کو منشیات کے استعمال سے نجات دلانے کے مقصد کو حاصل کرنے کے لیے تعاون اور کارروائی کو مستحکم کرنے کے لیے یہ دن منایا جا رہا ہے۔ بھارت میں اس کی تقریبات کے حصے کے طور پر ایک اہم تقریب نئی دلی میں ڈاکٹر امبیڈکر انٹرنیشنل سینٹر میں منعقد ہوگی جس میں سماجی انصاف اور تفویض اختیارات کے مرکزی وزیر مملکت بی۔ایل۔ورما مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔

ایک پیغام میں وزیراعظم نریندر مودی نے 12 جون سے لے کر آج تک نشہ مُکت بھارت پکھواڑا منانے کے لیے منشیات کی روک تھام کرنے والے بیورو NCB کی بھی تعریف کی ہے۔

جون 2025 تک نشہ بھارت ابھیان سرگرمیوں کے ذریعے 15کروڑ 78 لاکھ لوگوں میں نشہ چھوڑنے کے بارے میں بیداری پیدا کی گئی۔ اِن لوگوں میں تین کروڑ 31 لاکھ خواتین اور پانچ کروڑ 26 لاکھ نوجوان بھی شامل ہیں۔ 4لاکھ 31 ہزار سے زیادہ تعلیمی اداروں نے منشیات کے خلاف بیداری پیدا کرنے کے پروگراموں میں شرکت کی۔ اِس کے علاوہ 20 ہزار سے زیادہ تربیت یافتہ رضاکاروں کو تعینات کیا گیا ہے تاکہ وہ بنیادی سطح پر منشیات کے خلاف مہم کی کوششوں میں حصہ لے سکیں۔

پائل شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...................

Bihar Drug Abuse

بہار میں، ریاستی پولیس منشیات کے استعمال، لت اور غیر قانونی اسمگلنگ کے معاملات میں اضافے کے پیش نظر نارکوٹکس کنٹرول بیورو، NCB کی طرز پر ایک خصوصی، یونٹ قائم کرنے جارہی ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل آف پولیس ہیڈ کوارٹر کُندن کرشنن نے کہا ہے کہ یونٹ میں ماہر پیشہ ور افراد ہوں گے اور وہ منشیات سے متعلق منظم جرائم کے خلاف کارروائی کریں گے۔

S/B - Kundan Krishnan Society

RBI -FDI

بھارت میں اس سال اپریل کے مہینے میں مجموعی راست غیر ملکی سرمایہ کاری، FDI بڑھ کر آٹھ اعشاریہ آٹھ ارب ڈالرس تک جاپہنچی ہے۔ یہ رقم مارچ 2024 کے پانچ اعشاریہ نو ارب ڈالرس اور اپریل 2024 کے 7 اعشاریہ دو ارب ڈالرس سے زیادہ ہے۔ بھارتی ریزرو بینک کے ماہانہ بلیٹین کے مطابق اس سال اپریل میں آئے مجموعی FDI میں تقریباً آدھا حصہ مینوفیکچرنگ اور کاروباری خدمات کا رہا۔ بھارت عالمی سطح پر FDI حاصل کرنے کے معاملے میں دنیا میں 16ویں نمبر پر رہا اور ملک نے سال 2020 سے سال 2024 کے 5 برس کے دوران ڈیجیٹل معیشت کے شعبے میں ریکارڈ 114 ارب ڈالرس کی گرین فیلڈ سرمایہ کاری حاصل کی ہے۔ یہ خطہئ جنوب کے کم ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک میں کی جانے والی سب سے بڑی سرمایہ کاری ہے۔x

Sports Round Up

ویتنام کے Vung Tau کے مقام پر جاری 17 سال سے کم عمر کے لیے جاری ایشین ریسلنگ چیمپین شپ میں بھارت کی خاتون پہلوانوں کی ٹیم نے مجموعی طور پر کُل 10 تمغے جیتے ہیں۔ 23سال سے کم عمر کی خاتون پہلوانوں کی جیت کے بعد 17 سال سے کم عمر کی خاتون پہلوانوں نے غیر معمولی اور عزم کا مظاہرہ کیا اور بھارت کی جیت کے جذبے کو برقرار رکھا۔ بھارت کی خاتون پہلوانوں کی ٹیم نے جو 10 تمغے جیتے اُن میں سونے کے 5، چاندی کے تین اور کانسے کے 2 تمغے شامل ہیں۔x

Hockey

بھارت کے مردوں کی جونیئر ہاکی ٹیم نے برلن میں جاری چار ملکوں کے ٹورنامنٹ میں کل آسٹریلیا کو دو-ایک سے شکست دے کر تیسرا مقام حاصل کرلیا۔ بھارت کی جانب روہت نے پہلا گول کرتے ہوئے مقابلہ برابری پر لاکھڑا کیا، جس کے بعد اجیت یادو نے چوتھے کوارٹر میں گول کرتے ہوئے جیت کو یقینی بنادیا۔

اِس سے پہلے آسٹریلیا کے کپتان نے دوسرے ہاف میں گول کرتے ہوئے آسٹریلیا کو سبقت دلائی۔ تاہم بھارت نے اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ جاری رکھا اور آخری کوارٹر میں فاتح کے طور

پر اُبھرا۔ اِس کے بعد اجیت یادو نے 52ویں منٹ میں گول کرتے ہوئے بھارت کو برتری اور جیت دلادی۔×

## Jahnvi Dangeti Nasa Titan

بھارت کی Jahnvi Dangeti، 2029 میں Titans Space Mission پر جانے والی پہلی بھارتی خلاباز بننے جا رہی ہیں۔ انھیں اہم Titans Space ایسٹرونوٹ کلاس آف 2025 کے لیے خلا باز امیدوار کے طور پر چنا گیا ہے۔

جھانوی کے انتخاب سے Titans Space کے پہلے اوربٹل مشن میں اُن کی شرکت کے دروازے کھل گئے ہیں۔ Titans Space ایک امریکی پرائیویٹ ایرواسپیس کمپنی ہے، اِس کا مشن مارچ 2029 میں شروع ہوگا۔ جھانوی سرکردہ امریکی خلا باز Bill MacArthur کی قیادت میں خلاء کا سفر کریں گی جو تقریباً پانچ گھنٹے تک جاری رہے گا۔x

## Bhupendra Yadav

ماحولیات،جنگلات اور آب و ہوا میں تبدیلی کے مرکزی وزیر بھوپیندر یاود نے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت ماحولیات اور جنگلاتی حیات کے تحفظ کے شعبے میں عالمی سطح پر ایک کلیدی رول ادا کر رہا ہے۔

گل شام دہرہ دون کے وائلڈ لائف انسٹی ٹیوٹ میں انڈین کنزورویشن کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب یادو نے کہا کہ 2014میں بھارت میں شیروں کی 47 محفوظ پناہ گاہیں تھیں جو اب بڑھ کر 58 ہو گئی ہیں۔

## S/B Bhupendra yadav

کانفرنس کے دوران مرکزی وزیر نے سائنسی سطح پر دستاویز اور روایتی تحفظ کی معلومات استعمال کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

انھوں نے نوجوانوں سے روایتی طور طریقوں سے آگے بڑھنے کے لیے جنگلی حیات اور ماحولیات کے تحفظ کو اہمیت دینے کے لیے سائنس اور ٹیکنالوجی کوترجیح دینے کی بھی اپیل کی۔x

## Khelo India Univ. Games 2025

کھیلو انڈیا یونیورسٹی گیمز 2025، اس سال نومبر میں راجستھان کے جے پور میں منعقد ہوں گے۔ کھیلوں اور نوجوانوں کے امور کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ نے بتایا کہ اِس سال کھیلو انڈیا یونیورسٹی گیمز میں 200 سے زیادہ یونیورسٹیوں کے 4 ہزار سے زیادہ کھلاڑی 20 کھیلوں میں ایک دوسرے سے مقابلہ کریں گے۔ جناب مانڈویہ نے کہا کہ یونیورسٹی گیمز اَنڈر-25 کھلاڑیوں کیلئے ہوں گے اور ان کا انعقاد اس سال مئی کے مہینے میں بہار میں ہوئے اَنڈر-18کھیلو انڈیا یوتھ گیمز کے بعد ہورہا ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... حبیب

شکریہ - ضمیر

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے تاریخ کے سیاہ ترین باب ایمرجنسی کے 50 سال مکمل ہونے پر وزیر اعظم نریندر مودی کے بیان کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ کی سرخی ہے: ایمرجنسی کے دوران کانگریس نے جمہوریت کو قید کیا اور پریس کی آزادی چھین لی۔

وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں مرکزی کابینہ نے پونے میٹرو ریل لائن کے توسیعی منصوبے کو منظوری دی۔ جھریا کول فیلڈ کی بحالی کیلئے 5 ہزار 940 کروڑ روپے کے نظر ثانی شدہ پروجیکٹ کو بھی کابینہ کی منظوری۔ اس خبر کو بیشتر اردو اخباروں نے صفحہ اول پر نمایاں طور پر جگہ دی ہے۔

ایکزیوم-4 مشن کے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن روانہ ہونے کی خبر کو روزنامہ انقلاب نے صفحہ اول پر اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اخبار کی سرخی ہے: شبھانشو شکلا خلاء میں پہنچے، اہل وطن کو بھیجا پیغام۔

آپریشن سندھو کے تحت مزید 224 ہندوستانی شہریوں کی اسرائیل سے وطن واپسی کی خبر کو روزنامہ انقلاب نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

بین الاقوامی صفحے کی کچھ اہم سرخیاں اس طرح ہیں:

* برکس سربراہ اجلاس میں شرکت نہیں کریں گے چین کے صدر شی جن پنگ۔

* ایرانی پارلیمنٹ نے انٹرنیشنل ایٹمی توانائی ایجنسی کے ساتھ تعاون معطل کرنے کے منصوبے کو منظوری دی۔

* کولمبیا میں لینڈ سلائیڈنگ سے 8 افراد ہلاک۔

* * *

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- بھارتی خلاء باز شبھانشو شکلا کو لے جارہا، Axiom-4 Mission، آج دوپہر بین الاقوامی خلائی اسٹیشن سے منسلک ہوجائے گا۔

2- CBSE، سال 2026 سے دسویں جماعت کے بورڈ امتحانات سال میں دو مرتبہ منعقد کرے گا۔

-3 بھارتی محکمۂ موسمیات نے بتایا کہ اگلے 7 دن کے دوران شمال مغربی، وسطی، مشرقی اور شمالی مشرقی بھارت میں موسلادھار بارش جاری رہ سکتی ہے۔

-4 وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے SCO رکن ممالک سے سرحد پار کی دہشت گردی پر لگام لگانے پر زور دیا ہے۔

-5 بھارت کی راست غیر ملکی سرمایہ کاری اِس سال اپریل میں بڑھ کر 8 اعشاریہ آٹھ ارب ڈالرس ہوگئی ہے۔

-6 اور ویتنام کے وُونگ تاؤ میں جاری اَنڈر-17 ایشیائی کُشتی چمپئن شپ میں بھارت کی خواتین ٹیم نے مجموعی خطاب جیت لیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------